Te Korowai Whetū
Social Cohesion

# ثقافت کا شعبہ مدد کرنے کے لئے کیا کر سکتا ہے؟

## Social Cohesion Guide for the Culture Sector

## آرٹس، میڈیا اور کھیلوں کے ذریعے اپنائیت

ثقافتی شعبے میں میڈیا اور فنون لطیفہ، ثقافت اور ورثے کا شعبہ شامل ہے، جیسے اسکرین انڈسٹری، پرفارمنس آرٹس اور میوزیم۔ social cohesion، شمولیت اور تنوع کے بارے میں عوامی تصورات اکثر ثقافتی شعبے کے تیار کردہ کانٹینٹ سے تشکیل پاتے ہیں۔ یہ شعبہ Aotearoa نیوزی لینڈ میں مختلف لوگوں کے لئے تنوع اور مختلف اثرات کی عکاسی کرنے والے کانٹینٹ کے ذریعے social cohesion پیدا کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ فیچر فلموں سے لے کر خبروں کے مضامین تک ہر سطح پر کہانی نویسی ہماری متنوع ثقافت کی عکاسی کرنے اور ہم سب کو جڑنے میں مدد دینے میں ایک اہم عنصر ہے۔

ہم سب مختلف ہیں لیکن ہم ساتھ مل جل کر رہنا چاہتے ہیں، اپنے تنوع کا جشن منانا چاہتے ہیں اور جب ہم اختلاف کریں تو دوسروں کا احترام کرنا چاہتے ہیں۔ یہ اہم ہے کیونکہ ہر کوئی یہ محسوس نہیں کرتا کہ وہ اپنی پسند کی شناخت رکھ سکتا ہے یا ہر کسی کو یہ بھروسہ نہیں ہوتا کہ اس کی آواز سنی جائے گی۔

ہم ایک بڑھتا ہوا متنوع ملک ہیں جس میں ہمارے کاروبار بہت سی مختلف کمیونٹیوں کی خدمت کر رہے ہیں۔ ہمیں ایک دوسرے کی بات سننے اور ایک دوسرے کو سمجھنے کے طریقے تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم اپنے اختلافات اور مثبت خصوصیات کو سمجھنے اور اس چیز پر کام کرنے کا عہد کرنا چاہتے ہیں جو ہمیں متحد کرے اور جو ہمیں قریب لائے۔

اپنائیت

## - یہ کیسی نظر آتی ہے

ایک مل جل کر رہنے والے معاشرے میں لوگ ایک دوسرے کو جانتے ہیں، اپنے پڑوسیوں کو جانتے ہیں، اپنے کام کی جگہ پر خود کو شامل محسوس کرتے ہیں، ان کے بچے خود کو اپنی کمیونٹیوں کا حصہ محسوس کرتے ہیں اور وہ یہ جانتے ہیں کہ جب انہیں ضرورت ہو تو مدد حاصل کرنے کے لئے کہاں جانا ہے۔ ہم محسوس کرتے ہیں کہ ہم ان لوگوں سے بات کرنے کے قابل ہیں جن سے ہم عام طور پر بات نہیں کرتے، جب ہم لوگوں کو امتیازی باتیں کرتے ہوئے سنتے ہیں تو ہم بول اٹھتے ہیں اور ہم بلا جھجک یہ بتانے کے قابل ہوتے ہیں کہ ہم کون ہیں، ہم کہاں سے ہیں اور ہم مختلف کام کس طرح کرتے ہیں۔ بحران کے دوران ہم کسی کو تنہا نہیں چھوڑتے - ہر کوئی اپنا ہے۔

اپنائیت میں مزید بڑھوتری

# - آپ کیا کر سکتے ہیں

**چنانچہ ہم آرٹس، میڈیا اور کھیلوں میں ایسا کیا کر سکتے ہیں کہ جس سے مزید افراد، ان کے ملازمین، صارفین اور کلائنٹس کو اپنائیت محسوس کرنے، تنوّع اپنانے، حصہ لینے، دوسروں پر بھروسہ کرنے، جڑنے اور باعزت محسوس کرنے میں مدد مل سکے؟**

## اپنائیت، دوسروں پر بھروسہ

- ڈیجیٹل شمولیت کو بڑھائیں، بشمول خطرات کے بارے میں تعلیم اور حفاظت:
  — صحت عامہ سے متعلق تعلیمی اور موضوعاتی معلومات پر پے والز، رعایتی سبسکرپشنز، زیرو ریٹڈ ویب سائٹس یا ویب پیجز کے بارے میں غور کریں۔
- دقیانوسی تصورات کو چیلنج کریں اور ذمہ داری سے کمیونٹیوں سے متعلق کہانیوں میں دلچسپی لیں
  — غور کریں کہ کسی کمیونٹی سے متعلق کہانی کو کمیونٹی میں کس نظر سے دیکھا جائے گا۔
- ایسی تعلیم کو فعال بنائیں جو اس شعبے میں ثقافتی اہلیت کو بہتر بنائے اور دقیانوسی تصورات اور امتیازی طریقوں کو چیلنج کرے۔
- ایسے فن پاروں اور اقدامات کی معاونت، فراہمی اور منصوبہ بندی کریں جو غیر امتیازی پیغامات کو فروغ دیتے ہیں۔
- ایسے فن پاروں اور اقدامات کی معاونت، فراہمی اور منصوبہ بندی کریں جو دقیانوسی تصورات اور غیر سماجی اصولوں کو چیلنج کرتے ہیں۔
- ڈیجیٹل طور پر دستیاب ہونے والے ایسے آڈیو ویژول ورثے کو محفوظ کرنا اور تشکیل دینا جو ماضی کے سماجی طور طریقوں کو ظاہر کرتا ہو تاکہ محققین، ڈاکومنٹریز بنانے والے اور نیوزی لینڈ کے باشندے امتیازی سلوک اور سماجی طور طریقوں کے ارتقا کی شناخت کر سکیں۔

## تنوّع کو اپنانا، باعزت محسوس کرنا

- ایسے مثبت انداز اور رویوں اور کی حوصلہ افزائی کریں جو متنوع کوششوں کو اہمیت دیتے ہوں:
  — ایسی جگہیں یا سرگرمیاں تشکیل دیں جو اپنائیت کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں اور تنہائی کو کم کرتی ہوں۔
- تمام آرٹ اور میڈیا میں زندگی کے متنوع تجربات اور آبادی کے متنوع گروہوں کی کوریج کو یقینی بنائیں:
  — کمیونٹی کی کہانیوں کے لیے کمیونٹی رہنماؤں سے ملیں یا کمیونٹی تقریبات میں شرکت کریں۔

## جڑا ہوا محسوس کرنا

- آرٹ اور میڈیا میں میں متنوع ایونٹس کا انعقاد کرنا اور انہیں فروغ دینا:
  — ایسے کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرام بنائیں جن میں ممکنہ طور پر آرٹ گیلریوں اور عجائب گھروں جیسی جگہوں پر مفت آرٹ اور موسیقی کی تقریبات یا سرگرمیاں منعقد کی جا سکیں
  — کمیونٹی گروپوں اور این جی اوز کو سماجی اجتماعات، hui اور ورکشاپس کے انعقاد کے لئے میٹنگ کی مفت جگہیں اور میل جول کے مقامات فراہم کریں۔
  — ثقافتی شعبے میں شرکت کے مسائل پر غور کریں۔ مثال کے طور پر آرٹ اور میڈیا میں نمائندگی کے مسائل کی نشاندہی کرنا اور ایسی این جی اوز اور کمیونٹی گروپوں تک پہنچنا جو کم نمائندگی والے گروپوں کے ساتھ کام کرتی ہیں تاکہ ان گروپوں کی شرکت بڑھانے کا طریقہ معلوم کیا جا سکے۔

- سماعت سے محروم اور کم سننے والے لوگوں سے متعلق آرٹ اور ملٹی میڈیا کانٹینٹ کے سلسلے میں ان کے ساتھ کام کرنے والی تنظیموں کے ساتھ تعاون کریں۔
- آنے والی نسلوں کے لئے ماضی اور حال سے taonga کو ذخیرہ کرنا، اسے عزت دینا اور محفوظ کرنا۔
- ثقافتی صلاحیت اور تفہیم کے حوالے سے بہتر تعلیم۔
- آرٹ اور میڈیا میں متنوع ایونٹس کا انعقاد کرنا اور انہیں فروغ دینا:
  — ایسے کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرام بنائیں جن میں ممکنہ طور پر آرٹ گیلریوں اور عجائب گھروں جیسی جگہوں پر مفت آرٹ اور موسیقی کی تقریبات یا سرگرمیاں منعقد کی جا سکیں
  — کمیونٹی گروپوں اور این جی اوز کو سماجی اجتماعات، hui اور ورکشاپس کے انعقاد کے لئے میٹنگ کی مفت جگہیں اور میل جول کے مقامات فراہم کریں۔
- کم نمائندگی والی کمیونٹیوں کی عکاسی کرنے والے کام میں معاونت، اس کام کی فراہمی اور منصوبہ بندی کرنا۔ مثال کے طور پر، https://pantograph-punch.com/categories/pacific-arts-legacy-project
- مختلف کمیونٹیوں اور ثقافتوں سے کہانی نویسی اور موسیقی کی حمایت کرنا۔
- 1900 کی دہائی کے اوائل سے نیوزی لینڈ کی تاریخ کے ذریعے زندگی کے متنوع تجربات اور آبادی کے گروپوں کے بارے میں رپورٹ کرنے والے آڈیو ویژول کانٹینٹ کو محفوظ کرنا اور دستیاب کرنا۔
- مورخین، محققین، ڈاکومنٹری بنانے والوں، کانٹینٹ پروڈیوسروں اور نیوزی لینڈ کے دیگر باشندوں کو Aotearoa نیوزی لینڈ میں ارتقاء پانے والے سماجی اصولوں میں مماثلت اور اختلافات سے جڑنے اور انہیں شناخت کرنے کے قابل بنانا۔
  — Languages in Aotearoa New Zealand - ایک جاری منصوبہ ہے جس میں مختلف چینی نیوزی لینڈ کمیونٹیز کے اندر ثقافتی شناخت کے پیچیدہ مسائل کو اجاگر کرنے کے لئے زبان کا استعمال کیا جاتا ہے۔ (ویب سائٹ دیکھیں: (Chinese Languages in Aotearoa | Te Papa)
  — Aotearoa نیوزی لینڈ میں +LGBTQIA کی تاریخ: Kōrero takatāpui ki Aotearoa - Te Papa کے مجموعوں میں ہم جنس پرستی پر مشتمل اشیاء، آرٹ ورک اور کہانیاں پیش کرتی ہے اور Aotearoa نیوزی لینڈ کی +LGBTQIA کمیونٹیوں اور آئیکونز کی بھرپور تاریخ کا احاطہ کرتی ہے (ویب سائٹ دیکھیں: LGBTQIA+ histories of Aotearoa New Zealand | Te Papa)۔
  — Fashioning ourselves: clothing, identity and culture - ایسی کہانیوں کی تلاش کرتی ہے جو مجموعوں، نمائشوں اور تحقیق کے ذریعے نیوزی لینڈ میں فیشن کے اثرات، صنعت اور تخیل کو اجاگر کرتی ہیں۔
- متنوع تجربات کی مثبت نمائندگی اور کہانیوں اور taonga کی کمیونٹی ملکیت کو یقینی بنانا۔
- مختلف ذرائع سے زبان اور ثقافتی تنوع کو فروغ دینا۔

## شرکت کرنا

- ثقافتی شعبے کے منصوبوں کے حصے کے طور پر social cohesion سے متعلق آئیڈیاز کے بارے میں کمیونٹی مشیروں، کمیونٹی رہنماؤں یا این جی اوز سے بات کریں۔
- گرانٹس مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے یا Community-Led Development Programme کے ذریعے اپنے ثقافتی شعبے کے پروجیکٹ، COGS یا لاٹریوں کے لیے مالی معاونت حاصل کرنے کی غرض سے سرکاری اداروں کو فنڈنگ کے لیے درخواستیں دیں۔
- ثقافتی شعبے میں شرکت میں حائل رکاوٹوں سے نمٹنا:

- ثقافتی شعبے میں شرکت میں حائل رکاوٹوں سے نمٹنا:

— کم نمائندگی کی حامل آبادی اور حصوں کی شناخت کے لیے ان این جی اوز اور کمیونٹی گروپس تک رسائی حاصل کریں جو ان گروپوں کے ساتھ کام کرتے ہیں یا ان کی نمائندگی کرتے ہیں تاکہ ان کی نمائندگی بڑھانے کے طریقوں کے بارے میں پتہ چل سکے

- آرٹس پروگراموں کو قابل منتقل مہارتیں بڑھانے کے وسیلے کے طور پر استعمال کریں۔ ان مہارتوں میں قیادت، ٹیم ورک اور ایسی ثقافتی صلاحیت کی تعمیر شامل ہے جو دیگر شعبوں کو فائدہ پہنچا سکے۔ مثال کے طور پر، www.sistemaaotearoa.org.nz۔

- Air پروگراموں، کیپشننگ اور تقریبات کی کوریج فراہم کرکے معذور کمیونٹی سمیت متعدد کمیونٹی گروپوں کی حمایت کرتا ہے۔ اسکرین، نیوز میڈیا، بچوں کے کانٹینٹ اور موسیقی کے شعبے میں ٹارگٹڈ فنڈنگ کے اقدامات مختلف گروپوں (جیسے Māori، پیسفک افراد، ایشیائی افراد، نوجوان اور خواتین) کی شرکت میں اضافے کا باعث بنتے ہیں۔

- اسپورٹس گورننس بورڈز میں تنوع میں اضافہ کریں اور کھلاڑیوں، کوچوں اور منتظمین کے لئے شرکت کے مواقع بڑھائیں۔

- سب کی شرکت کو ممکن بنانے والی ثقافتی تقریبات میں حصہ لینے والے ایونٹ پلانرز، منتظمین، فنکاروں اور دیگر افراد کے لئے کانٹینٹ فراہم کرنا۔

- Tāhuhu پروگرام (آرکائیوز NZ، نیشنل لائبریری اور Ngā Taonga Sound & Vision) میں شراکت دار کے طور پر حصہ لینا تاکہ ایسی سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکے جو اپنائیت اور شرکت کو بڑھاوا دیتی ہیں۔

- محققین، سیکھنے والوں، فنکاروں، میکرز، پریکٹیشنرز اور آنے والی نسلوں کے لئے آرٹ کلیکشن اور ملٹی میڈیا کانٹینٹ تک پس پردہ رسائی کو آسان بنانا۔

- کلیکشن آئٹمز اور دلچسپی کے موضوعات کے بارے میں معلومات کے حوالے سے عوام کے سوالات اور درخواستوں کا جواب دینا۔

- کمیونٹیوں کو شرکت کرنے کے لئے مثبت بات چیت کے مواقع اور محفوظ جگہیں فراہم کرنا۔

- آرٹ کے مجموعوں اور ملٹی میڈیا کانٹینٹ سے آشنائی کے حوالے سے کمیونٹیوں کی رسائی کو بہتر بنانا۔

Te Korowai Whetū
Social Cohesion